Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## پاکستان تحریک انصاف کا مخصوص نشستوں کی الاٹمنٹ کے بغیر قومی اسمبلی کے اسپیکر وڈپٹی اسپیکر کے انتخاب پر رد عمل

قومی اسمبلی کے نامکمل ایوان میں جعلی حلف اٹھانے والے جعلی اراکین کے ووٹ سے اسپیکر کا چناؤ کر کے ایک بار پھر آئین کو پامال کیا گیا،

آئین کے آرٹیکل 51 کے مطابق قومی اسمبلی میں سیاسی جماعت کی نمائندگی کے تناسب سے خواتین اور اقلیتوں کو مخصوص نشستوں کی الاٹمنٹ کے بغیر ایوان مکمل نہیں ہو سکتا، ترجمان تحریک انصاف

خواتین اور اقلیتوں کو مخصوص نشستوں کی الاٹمنٹ سے قبل اسپیکر، ڈپٹی اسپیکر اور وزیر اعظم کا انتخاب غیر آئینی ہے، تحریک انصاف کے حمایت یافتہ 23 ارکان کو ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت مخصوص نشستوں کے آئینی حق سے محروم رکھا جارہا ہے،

قومی اسمبلی کی نشستوں پر براجمان 'دھاندلی زدہ قابض گروپ' اس حقیقت سے بخوبی واقف ہے کہ تحریک انصاف کو آئین کے مطابق مخصوص نشستوں کی الاٹمنٹ ان کی مصنوعی جیت کو شکست میں تبدیل کر دے گی،

جعلی مینڈیٹ کی بنیاد پر جعلی حلف اٹھانے والے جانتے ہیں کہ وہ عوام کے ووٹ سے نہیں بلکہ بددیانت الیکشن کمیشن کی مجرمانہ سہولتکاری کے ذریعے یہاں تک پہنچے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان کے عوام نے عمران خان کو واضح مینڈیٹ دیتے ہوئے اپنے ووٹ سے تحریک انصاف کے 186 ارکان کو اپنا نمائندہ منتخب کیا ہے، ترجمان تحریک انصاف

عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر جعلی حلف اٹھانے والوں کے سہارے منتخب ہونے والے اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کی کوئی آئینی حیثیت نہیں ہوگی، ترجمان تحریک انصاف

اسپیکر وڈپٹی اسپیکر اور وزیر اعظم کا انتخاب اسی صورت میں آئینی و قانونی تصور ہوگا جب قومی اسمبلی کا ایوان تمام منتخب ارکان کی موجودگی کیساتھ مکمل ہوگا، ترجمان تحریک انصاف

پاکستانی عوام کے فیصلے کی مسلسل توہین کا سلسلہ ترک کیا جائے اور عوام کے منتخب نمائندوں اور جماعت کو آئین کے مطابق نشستیں فراہم کی جائیں، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان کے عوام اپنے قائد عمران خان کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے ہفتہ کے روز ملک بھر میں پر امن احتجاج کریں گے اور اپنا چوری شدہ مینڈیٹ واپس لے کر رہیں گے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ